[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

# A

# Bill

*further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Islamabad Capital Territory Local Government (Second Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Section 29, Act X of 2015.-** In the Islamabad Capital Territory Local Government Act (X of 2015), hereinafter referred to as the said Act in section 29,-

(a) in sub-section (3), the words "which period shall not exceed six months" shall be omitted.

(b) after sub section (4), the following new sub-section shall be inserted, namely:-

"(5) On the expiry of the term of a local government, or where a local government is not functional, the Government may appoint an administrator to exercise the powers and perform the functions of the local government until an elected local government assumes office".

3. **Amendment of section 88, Act X of 2015.-** In the said Act, in section 88,-

(a) in sub-section (1), after the word "government" the words "or an administrator as the case maybe" shall be inserted.

(b) the following new sub-sections (3A) and (3B), be inserted, namely:-

"(3A) The tax proposal vetted by the Government shall, within fifteen days, be laid before the Majlis-e-Shoora (Parliament), The Majlis-e-Shoora (Parliament) may, within sixty days, disapprove the Tax proposal.

(3B) In case the Majlis-e-Shoora (Parliament) does not disapprove the tax proposal within the aforesaid sixty-day period, such tax proposal shall be deemed to have been approvd.".

**4. Amendment of section 93, Act X of 2015.**- In the said Act, in section 93,-

(a) after sub-section (1), the following new sub-section shall be inserted, namely:-

"(1) The Government may issue directions to the local government or to the administrator, as the case may be. The directions of the Federal Government shall be binding on the local government and the administrator."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The ICT Local Government Act, 2015 establishes a Metropolitan Corporation and 125 Union Councils, elected for five years to manage local and city wide services under CDA oversight, with finances from taxes, fees, and grants, and Federal Government oversight on functions, enforcement, and transparency.

2. **Section 29** of the Act states that the term of office of every member of the Authority shall be three years from the date of appointment, unless resigned or removed earlier in accordance with the provisions of the Act. Section 29(3) provides that, on expiry of the term of office of a local government, the Government may appoint an administrator to perform its functions until the elected local government assumes office, for a period not exceeding six months.

3. **Section 88** of the Act states that, subject to the provisions of any other law for the time being in force, a local government may levy all or any of the taxes, fees, rates, rents, tolls, charges, surcharges, levies, mentioned in the Fifth Schedule. The Government may, by notification in the official Gazette, direct a local government to levy any such tax, fee, rate, rent, toll, charge, surcharge, levy, not mentioned in the Fifth Schedule, and the local government shall comply with such direction.

4. **Section 93** of the Act relates to the powers of the Government and provides that the Government may, by notification in the official Gazette, delegate any of its powers under this Act to any officer subordinate to it. The Government may also, by notification, direct any local government to take such action as may be necessary to carry out the purposes of this Act, and if the local government fails to comply, the Government may itself take such action or cause it to be taken.

5. The proposed amendments in the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Act, 2025 modify the 2015 Act by removing the six- month limit in **section 29(3)** and allowing the Government to appoint an administrator to exercise the powers and perform the functions of the local government if the local government's term expires or it becomes non-functional. In **section 88**, the words "or an administrator, as the case may be" are added after "government," and new sub-sections (3A) and (3B) are introduced, requiring Government-vetted tax proposals to be placed before Parliament within fifteen days and deemed approved if not disapproved within sixty days. In **section 93**, it is added that the Government may issue binding directions to the local government or the administrator.

**(Syed Mohsin Raza Naqvi)**
Minister for Interior & Narcotics Control

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

## دارالحکومت [illegible] مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء

## میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ یہ کہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کے ایکٹ، ۲۰۱۵ء (۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کے (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ [illegible] بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۲۹ کی ترمیم:۔** دارالحکومت اسلام آباد کی مقامی حکومت کے ایکٹ، ۲۰۱۵ء (۵ بابت ۲۰۱۵ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲۹ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ ''جس کی مدت چھ ماہ سے متجاوز نہ ہوگی'' کو حذف کر دیا جائے گا۔

(ب) ذیلی دفعہ (۴) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۵) مقامی حکومت کی مدت کے خاتمے پر، یا جہاں مقامی حکومت کام نہ کر رہی ہو تو حکومت ایک منتظم کا تقرر کر سکتی ہے کہ وہ اختیارات کو استعمال کرے اور مقامی حکومت کے کار ہائے منصبی انجام دے تاوقتیکہ ایک منتخب کردہ مقامی حکومت اپنی ذمہ داری نہ سنبھال لے۔''

۳۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۸۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸۸ میں:۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ ''حکومت'' کے بعد الفاظ ''یا ایک منتظم یا جیسی بھی صورت ہو'' کو شامل کر دیا جائے گا۔

(ب) حسب ذیل نئی ذیلی دفعات (۳الف) اور (۳ب) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳الف) حکومت کی جانب سے بغور جائزہ لی گئی ٹیکس کی تجویز پندرہ ایام کے اندر مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کے سامنے پیش کی جائے گی، مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ)، ساٹھ ایام کے اندر، ٹیکس کی تجویز کو رد کر سکتی ہے۔

(۳ب) اس صورت میں کہ مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) مذکورہ بالا ساٹھ ایام کی مدت میں ٹیکس کی تجویز کو رد نہیں کرتی، تو مذکورہ ٹیکس کی تجویز منظور شدہ تصور کی جائے گی۔"۔

## ۴۔ ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء کی، دفعہ ۹۳ کی ترمیم:

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱) حکومت، مقامی حکومت یا منتظم، جیسی بھی صورت ہو کو ہدایات جاری کر سکتی ہے، وفاقی حکومت کی ہدایات مقامی حکومت اور منتظم پر لازم ہوں گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ ۲۰۱۵ء ایک میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ۱۲۵ یونین کونسلوں کی تشکیل کرتا ہے، جو پانچ سال کے لیے منتخب کی جاتی ہیں تاکہ وفاقی ترقیاتی ادارے کے زیر نگرانی مقامی اور شہری سطح کی خدمات کا انتظام کر سکیں، اور ان کے مالی وسائل محصولات، فیسوں اور گرانٹس سے حاصل کیے جائیں گے، اور وفاقی حکومت ان کے امور، عمل درآمد، اور شفافیت پر نظر رکھے گی۔

۲۔ اس ایکٹ کی دفعہ ۲۹ بیان کرتی ہے کہ اتھارٹی کے رکن کا میعاد عہدہ تقرری کی تاریخ سے تین سال ہوگا تاوقتیکہ ایکٹ کے احکامات کی مطابقت میں قبل ازیں کوئی رکن مستعفی نہ ہو جائے یا برطرف نہ کر دیا جائے۔ دفعہ ۲۹(۳) یہ قرار دیتی ہے کہ، کسی مقامی حکومت کے عہدے کی میعاد ختم ہونے پر، حکومت اس کے فرائض منصبی انجام کے لیے کسی ایڈمنسٹریٹر کی تقرری کر سکتی ہے تاوقتیکہ کوئی مقامی حکومت اپنی ذمے داری نہ سنبھال لے، جس کی مدت چھ ماہ سے متجاوز نہ ہوگی۔

۳۔ اس ایکٹ کی دفعہ ۸۸ قرار دیتی ہے کہ، فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون کے احکامات کے مطابق، ایک مقامی حکومت جدول پنجم میں بیان کردہ جدول میں تمام یا کوئی بھی محصول، فیس، نرخ، ٹول، کرایہ، بار، جرمانہ، لیوی عائد کر سکے گی۔ حکومت سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے مقامی حکومت کو کوئی بھی ایسا محصول، فیس، نرخ، ٹول، کرایہ، بار، جرمانہ، لیوی عائد کرنے کا حکم دے سکے گی، جس کا جدول پنجم میں ذکر نہیں کیا گیا ہے، اور مقامی حکومت اس حکم کی تعمیل کرے گی۔

۴۔ اس ایکٹ کی دفعہ ۹۳ حکومت کے اختیارات سے متعلق ہے اور جو قرار دیتی ہے کہ حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، اس ایکٹ کے تحت اپنے کسی بھی اختیار کو اپنے کسی بھی ماتحت افسر کو تفویض کر سکے گی۔ حکومت، بذریعہ اعلامیہ، کسی مقامی حکومت کو ایسی کارروائی کرنے کا بھی حکم دے سکے گی جو اس ایکٹ کی اغراض کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہو، اور اگر مقامی حکومت اس کی تعمیل کرنے میں ناکام ہو جائے تو حکومت بذات خود ایسی کارروائی کر سکے گی یا ایسی کارروائی کرنے کا باعث بن سکے گی۔

۵۔ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء میں مجوزہ ترامیم دفعہ ۲۹ (۳) میں بیان کردہ چھ ماہ کی میعاد کو ختم کر کے ۲۰۱۵ء ایکٹ میں ترمیم کرتی ہے اور حکومت کو مقامی حکومت کے اُمور کی انجام دہی کے لیے ایک ایڈمنسٹریٹر کے تقرر کرنے کا، بشرطیکہ مقامی حکومت کی میعاد ختم ہو جائے یا وہ غیر فعال ہو جائے، مجاز کرتی ہے تا کہ وہ مقامی حکومت کے اختیارات کو استعمال اور کارہائے منصبی کو انجام دے سکے۔ دفعہ ۸۸ میں، الفاظ "یا ایڈمنسٹریٹر، جیسی بھی صورت ہو" کو "حکومت" کے بعد شامل کر دیا جائے گا اور نئی ذیلی دفعہ (۳الف) اور (۳ب) متعارف کروائی گئیں ہیں، جو حکومت کی طرف سے جانچ کردہ ٹیکس تجاویز کو پندرہ ایام کے اندر پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنے کا حکم دیتی ہیں اور ساٹھ ایام کے اندر منظور نہ ہونے کی صورت میں اسے منظور شدہ متصور کرتی ہے۔ دفعہ ۹۳ میں، یہ امر شامل کیا گیا ہے کہ حکومت، مقامی حکومت یا ایڈمنسٹریٹر کو لازمی احکامات جاری کر سکتی ہے۔

(سید محسن رضا نقوی)

وزارت داخلہ و انسداد منشیات